کینیڈا کے وزیر اعظم کی حضور انور سے ملاقات

اس کے بعد پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے پرائم منسٹر کینیڈا Justin Trudeau کی ملاقات تھی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پارلیمنٹ کی تیسری منزل Cabinet Room میں تشریف لے گئے جہاں پرائم منسٹر حضور انور کی آمد کے منتظر تھے۔

وزیر اعظم نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور کہا کہ میرے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ میں آج خلیفۃ المسیح کو اپنے ملک میں Welcome کر رہا ہوں۔ مجھے اس بات کا علم ہے کہ آپ کی کمیونٹی 'محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں' کا پیغام ساری دنیا میں پھیلا رہی ہے۔ مجھے یہ بھی بتایا گیا ہے کہ آپ کا کینیڈا کا یہ سب سے لمبا دورہ ہے اور ٹورانٹو کے بعد سیسکاٹون (Sascatoon) اور کیلگری (Calgary) بھی جا رہے ہیں۔

ہمیں آپ کی کمیونٹی پر فخر ہے کہ آپ لوگ کینیڈا کی ترقی میں حصہ لے رہے ہیں۔ حضور انور کی لیڈرشپ پر خوش ہیں اور بہت احترام کرتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ اس طرح کھلے دل کے ساتھ آپ نے Welcome کیا ہے۔ آپ کے پرائم منسٹر منتخب ہونے پر مجھے موقعہ نہیں ملا کہ آپ کو براہ راست ذاتی طور پر مبارکباد دوں۔ اب میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں۔ اب مجھے موقعہ مل رہا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ میں نے خط کے ذریعہ مبارکباد بھجوائی تھی۔

اس پر پرائم منسٹر نے حضور انور کا شکریہ ادا کیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ میں نے پارلیمنٹ کا سیشن دیکھا ہے۔ بہت اچھا تھا۔ میں محظوظ ہوا ہوں۔ میں نے یہ بھی دیکھا کہ آپ بڑے پُرسکون تھے۔

اس پر پرائم منسٹر نے کہا کہ شروع میں مجھے کچھ سوالوں کا جواب دینا پڑتا تھا۔ کوشش یہی ہوتی ہے کہ Calm رہوں اور دوسروں کا احترام کروں۔

حضور انور نے فرمایا کہ آپ نے پارلیمنٹ میں ایسی باتوں پر اور مسائل پر بحث کی ہے جو آجکل ہر جگہ ایشو بنے ہوئے ہیں۔ انتہاپسندی اور دہشتگردی کے حوالہ سے بات کی ہے۔

پرائم منسٹر نے کہا کہ احمدیہ کمیونٹی کینیڈا میں اعلیٰ اقدار کے قیام کے لئے بہت اچھا کام کر رہی ہے جس پر ہمیں فخر ہوتا ہے۔ جماعت نے یہاں سیرین ریفیوجیز کو بھی سنبھالا ہے۔ ریفیوجیز کے معاملہ میں بھی آپ کا بڑا مثبت کردار ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ایک اور مثال یہ ہے کہ آپ ہر قسم کی شدّت پسندی کی مذمّت کرتے ہیں۔ آپ ملک کے وفادار لوگ ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ حکومت میں ریلیجس فریڈم کا ایک دفتر تھا۔ ہم نے اب اس ادارے کو تبدیل کیا ہے کیونکہ سابقہ دفتر کے کچھ سیاسی مقاصد تھے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس دفتر کے قیام کا مقصد صرف انسانیت ہونا چاہئے۔

اس پر حضور انور نے فرمایا کہ یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ اس کی دنیا میں بہت زیادہ ضرورت ہے۔ ہر جگہ انصاف کی کمی ہے۔ حضور انور نے دعا کی کہ خدا تعالیٰ ہر اچھے کام میں آپ کی مدد کرے جو آپ کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق دے کہ آپ ایسے قدم اٹھائیں جو دنیا کو امن کے قریب لے آئیں۔

اس پر وزیر اعظم نے کہا کہ ہماری بھی یہی خواہش ہے۔

وزیر اعظم کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ One to One ملاقات قریباً پندرہ منٹ تک جاری رہی۔